# کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری سے متعلق رپورٹ

## بابت 30 ستمبر 2020

**معززممبران،**

وطن عزیز کا ایک ذمہ دار کارپوریٹ شہری ہونے کے ناطے سانگھڑ شوگر ملز لمیٹڈ کو معاشرے کے کل کو آج سے زیادہ مضبوط تر بنانے کیلئے اپنی ذمہ داریوں کا مکمل احساس ہے۔ مستقل بنیادوں پر پاکستان کے معاشرے اور افراد کی ترقی وفلاح و بہبود کی خاطر کمپنی اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔ کمپنی اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ معاشرے میں شراکت کی بنیادوں پر معاشی اور معاشرتی اقدار استوار کرنے کیلئے اقدامات کئے جائیں۔ اس سلسلے میں کمپنی کی جانب سے اٹھائے گئے اقدامات کے بارے میں شراکت داروں تک معلومات بہم فراہم کرنے کیلئے درج ذیل رپورٹ پیش کی جارہی ہے:

**شعبہ تعلیم**

کمپنی کی جانب سے اس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے کہ تمام لڑکے اور لڑکیوں کی مکمل فیس معافی، مناسب اور معیاری بنیادی اور ثانوی تعلیم کا خیال رکھا جائے جو موٴثر نتائج پر مبنی ہو اور اس بات کو بھی یقینی بنایا جاتا ہے کہ بچوں کی معیاری نشوونما اور بنیادی تعلیم سے قبل کے تمام مراحل تک ہر لڑکے اور ہر لڑکی کو رسائی حاصل ہو تا کہ وہ بنیادی تعلیم کے حصول کیلئے مکمل طور پر تیار ہوں۔

ملک کے دیہی علاقوں سے ناخواندگی کو دور کرنے کے سلسلے میں کمپنی کی جانب سے القلم ایجوکیشن سسٹم قائم شدہ 2008 کے تعاون سے ایک تعلیمی پروگرام کا آغاز کیا گیا ہے اور ملز کی ایمپلائز کالونی کے احاطے سے متصل تعلیمی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں اور یہ تمام سہولیات بچوں، ان کی معذوری اور جنسی تفاوت کو مد نظر رکھتے ہوئے بہم پہنچائی جارہی ہیں اور سہولیات کی فراہمی میں اس بات کا خیال رکھا جاتا ہے تشدد کا پہلو اس میں شامل نہ ہو اور قابل اساتذہ کی زیرنگرانی انتہائی مناسب فیس پر اعلیٰ تعلیمی سہولیات فراہم کی جائیں اور یہ سہولیات فیکٹری کے ملازمین کے علاوہ ان بچوں کو بھی فراہم کی جائیں جو فیکٹری کے قرب و جوار میں رہتے ہیں۔

تعلیم کا یہ عمل کنڈرگارٹن کے مرحلے میں ایک کمرے سے شروع کیا گیا جس میں بچوں کی کل تعداد محض دس (10) تھی۔ لیکن اب چند دنوں ہی کی بات ہے کہ یہ اسکول آٹھویں جماعت تک ترقی کر چکا ہے اور اس میں طلباء کی تعداد دوسو انتالیس (239) تک پہنچ چکی ہے اور اب یہ اسکول خوبصورت عمارت، صاف ستھرے ماحول اور تمام بنیادی سہولیات پر مشتمل ہے۔ اسکول کی عمارت مکمل طور پر ڈھکی ہوئی ہے اور عمارت ہوادار اور روشن درسگاہوں، کمپیوٹر لیبارٹری، کھیل کے میدان اور ٹک شاپ پر مشتمل ہے اور اسکول میں مستقل پاور سپلائی کا نظام بھی موجود ہے۔ اسکول کا اسٹاف ایک ہیڈ مسٹریس، دس خواتین اساتذہ، ایک عربی استانی (عالمہ) پر مشتمل ہے۔ اسکول کو قائم کرنے کا بنیادی مقصد علاقے کے غریب عوام کی مدد کرنا، لڑکیوں کی تعلیم کو بالخصوص فروغ دینا، بچوں کی تعلیم و تربیت میں اسلامی اقدار کو بروئے کار لانا اور بچوں میں یہ احساس پیدا کرنا ہے کہ وہ اپنی اہمیت کو پہچانیں۔ دور افتادہ علاقوں میں تعلیم کی فراہمی ایک بڑا مسئلہ ہے، بالخصوص ان لوگوں کیلئے جنھیں معیاری اور جدید تعلیم کی سہولیات ان کے گھروں کے پاس مہیا نہیں ہیں یا وہ ان سہولیات سے فائدہ اٹھانے کی سکت نہیں رکھتے۔ علاوہ ازیں، اسکول میں مختلف ایام منانے کا اہتمام بھی کیا جاتا ہے جیسا کہ سالانہ اسپورٹس ڈے اور پیرنٹس ڈے وغیرہ۔

## صحت اور طبی سہولیات

کمپنی کی جانب سے حادثات کو کم از کم کرنے کیلئے مؤثر اقدامات اٹھائے جاتے ہیں، ضروری طبی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں اور ملز کے اندر اور قرب و جوار میں ماحول کو سرسبز اور صاف ستھرا رکھنے، ملازمین کی صحت کو یقینی بنانے، کمپنی کے افعال کو خطرات سے پاک رکھنے اور صارفین اور عوام الناس کی صحت اور حفاظت کو ممکن بنانے کی غرض سے تمام مروجہ قواعد وضوابط کے عین مطابق کمپنی کی جانب سے اقدامات اٹھائے جاتے ہیں۔ کمپنی کی جانب سے قابل اور تجربہ کار طبی ماہرین کے زیرِ نگرانی کمپنی ملازمین اور قرب و جوار کے عوام کیلئے ایک ڈسپنسری بھی چلائی جا رہی ہے۔

انتظامیہ کی جانب سے دوروزہ "سالانہ مفت کیمپ برائے امراض چشم" کا اہتمام کیا گیا۔ کیمپ مؤرخہ یکم فروری 2020 سے دوم فروری 2020 تک کمپنی کے احاطے میں منعقد کیا گیا۔ مفت کیمپ کے تحت 1000 سے زائد مریضوں کا معائنہ کیا گیا اور 530 مریضوں کے اطمینان بخش آپریشنز بھی کئے گئے جن میں لینسز بدلے اور فکس کئے گئے۔ ان آپریشنز میں معروف ڈاکٹروں اور ٹیکنیشنوں نے حصہ لیا۔ کیمپ منعقد کرنے سے پہلے بذریعہ ریڈیو، کیبل، سوشل میڈیا اور پمفلٹ ضرورت مند افراد تک معلومات کو پہنچایا گیا۔ میرپور خاص ڈویژن، پیرومل اور سانگھڑ سے مریضوں اور ان کے تیمارداروں کو لانے اور لے جانے کیلئے مفت ٹرانسپورٹ کا اہتمام بھی کیا گیا تھا۔ اس کے علاوہ مریضوں، ان کے تیمارداروں، ڈاکٹروں اور ان کے اسٹاف کیلئے قیام اور طعام کو بندوبست بھی کیا گیا تھا۔ کیمپ کے تمام اخراجات کمپنی اور اس اعلی افسران نے بذات خود برداشت کئے۔

مزید برآں، جب اور جہاں ضرورت کی بنیاد پر " کڈنی ڈیلاسس سینٹر سانگھڑ" میں کیمپ لگانے کیلئے کمپنی کی جانب سے عطیات فراہم کئے جا رہے ہیں۔

اپنے ملازمین کیلئے صحت کی سہولیات میں اضافے اور توسیع کے سلسلے میں کمپنی کی جانب سے وزارت برائے سمندر پار پاکستانی اور ترقی برائے انسانی وسائل، ورکرز ویلفیئر فنڈ، حکومت پاکستان اسلام آباد سے بات چیت کی گئی ہے جن کی جانب سے اس بات پر آمادگی ظاہر کی گئی ہے کہ ورکرز ویلفیئر فنڈ کے ذریعے کمپنی کے احاطے کے اندر سانگھڑ میں پچاس بستروں پر مشتمل ایک ہسپتال بنایا جائے گا بشرطیکہ کمپنی کی جانب سے (کسی معاوضے یا رہن کے بغیر) پانچ ایکڑ زمین عطیہ کی جائے اور اس زمین کی ملکیت ورکرز ویلفیئر فنڈ، وزارت برائے سمندر پار پاکستانی اور ترقی برائے انسانی وسائل حکومت پاکستان کے نام کر دی جائے۔

کمپنی کی جانب سے 23 نومبر 2016 کو غیر معمولی اجلاس عام منعقد کیا گیا اور اس اجلاس کے دوران کمپنی کے حصص داران سے بورڈ آف ڈائریکٹر کے اس فیصلے کی توثیق حاصل کر لی گئی ہے کہ کمپنی کی 320 ایکڑ زمین بمقام سانگھڑ میں سے پانچ ایکڑ اراضی (بلا معاوضہ ورہن) عطیہ کر دی جائے اور اس زمین کا انتقال بھی کر دیا جائے۔

وزارت برائے سمندر پار پاکستانیوں اور ترقی برائے انسانی وسائل، ورکرز ویلفیئر فنڈ، حکومت پاکستان اسلام آباد کے ساتھ پچاس بستروں پر مشتمل ہسپتال کی تعمیر کیلئے معاہدوں کے نفاذ کے سلسلے میں مزکورہ بالا زمین بمقام احاطہ کمپنی سانگھڑ کے انتقال کا عمل ابھی زیر کاروائی ہے اور کاغذات تیار کئے جا رہے ہیں۔

## پینے کا صاف پانی

کمپنی کی جانب سے پینے کے صاف پانی تک مناسب قیمت پر ہمہ وقت اور مناسب رسائی حاصل کر لی گئی ہے۔ کمپنی کی جانب سے اس بات کو یقینی بنایا جا رہا ہے کہ تمام افراد تک پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو ممکن بنایا جائے اور پانی کی عدم فراہمی کی وجہ سے بیمار ہونے والے افراد کی تعداد میں کمی لائی جائے اور پانی کی فراہم اور نکاسی کیلئے مقامی کمیونٹی کی شراکت کے عمل کو مضبوط بنیادوں پر استوار کیا جائے۔

لہذا کمپنی کی جانب سے ریورس اوسموسس پلانٹ کا بندوبست کیا گیا ہے جس کے ذریعے یومیہ 5000 گیلن پانی کو صاف کیا جا سکے گا اور اس طرح پینے کا صاف پانی ملز اور قرب و جوار میں رہنے والے عوام کو فراہم کیا جا سکے گا۔

## کمیونٹی اور معاشرتی ترقی

کمپنی کی توجہ بنیادی طور پر اس جانب مرکوز ہے کہ کمپنی سے متعلق کمیونٹی اور ملازمین کے معاشرتی حالات میں بہتری لائی جائے اور اس ضمن میں کمپنی کی جانب سے حالات کار کو سازگار بنانے، پیشہ ورانہ امور میں حفاظت کو یقینی بنانے، معاشرتی معیارات قائم کرنے، کم از کم اجرت کا تعین کرنے اور بچوں سے مشقت لینے اور جبری مشقت کے خلاف مکمل عدم برداشت جیسے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

علاقے میں گنے کی کاشت کرنے والے کسانوں کی امداد کیلئے اور مستقبل میں گنے کی اعلیٰ معیار کی فصل کے حصول کیلئے اور گنے کی وافر مقدار کو ممکن بنانے کیلئے کسانوں کو اعلیٰ معیار کے بیج فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ اعلیٰ معیار کی کھاد بھی فراہم کی جا رہی ہے تا کہ مستقبل میں اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ گنے کی اعلیٰ معیار اور وافر مقدار کو مستقل بنیادوں پر جاری رکھا جا سکے جو کہ شوگر ملز کیلئے ایک بنیادی خام مال ہے۔

کمپنی کی جانب سے مل کے اندر اور مل قرب جوار میں ماحول کو صاف ستھرا اور سرسبز رکھنے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تا کہ صحت افزاء ماحول پیدا کیا جا سکے۔ کمپنی کی جانب سے پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے ایک ٹینک تعمیر کرنے کے علاوہ فلٹر پلانٹ بھی نصب کیا گیا ہے۔

## شجر کاری

شجر کاری کی مہم ہمارے سی ایس آر پروجیکٹ کی سرگرمیوں میں سے ایک اہم ترین سرگرمی ہے۔ کمپنی کی جانب سے کمپنی کے احاطے میں ایک گرین ہاؤس قائم کیا گیا ہے جہاں پودوں کو پروان چڑھانے کا مکمل بندوبست کیا گیا ہے اور سانگھڑ کے مقامی موسم کے مطابق ان پودوں پر تحقیق بھی کی جاتی ہے۔ ہماری جانب سے فیکٹری کے احاطے میں اور قرب وجوار میں کئی درخت لگائے گئے ہیں اور ملازمین میں بھی پودے تقسیم کئے گئے ہیں تا کہ وہ اپنی رہائش گاہوں کے قریب بھی شجر کاری کو فروغ دے سکیں تا کہ ہمارا ماحول صاف ستھرا اور سرسبز ہو جائے۔

## بندوبست برائے انسانی وسائل

انسانی وسائل کو مؤثر طریقے سے بروئے کار لانے کیلئے ایسی پالیسیاں اور طریق کار وضع کئے گئے ہیں کہ تعیناتیوں میں شفافیت اور میرٹ کی جھلک نظر آئے۔ اس مقصد کیلئے خدمات کی جانچ پڑتال کا ایک جامع نظام روبہ عمل ہے جس کے نتیجے میں تنخواہوں میں اضافے، ترقیوں، بونس اور نقد انعامات وغیرہ کے فیصلے کئے جاتے ہیں۔ اپنی معاشرتی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے کمپنی کی جانب سے ایسے افراد کو خصوصی تربیت دی جاتی ہے جو خصوصی تربیت کے بعد کمپنی کیلئے قیمتی اثاثہ ثابت ہوتے ہیں۔ کمپنی کی جانب سے چند خصوصی افراد کو بھی انسانی وسائل کا حصہ بنایا گیا ہے۔ کمپنی کی جانب سے تمام ملازمین کے ساتھ جائز سلوک روا رکھا جاتا ہے اور انھیں اجرت کی ادائیگی کے سلسلے میں صنعت کی روایات کی مکمل پاسداری کی جاتی ہے۔ کمپنی کی جانب بہت سی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں جیسا کہ اضافی مراعات، سالانہ چھٹیاں، ٹرانسپورٹ، مطعم اور سازگار اور صاف اور ستھرے ماحول کار کے علاوہ گروپ انشورنس، اولڈ ایج بینیفٹس کی ادائیگیاں، ورکرز ویلفیئر فنڈ اور ورکرز پروفٹ پارٹیسپیشن فنڈ جیسی سہولیات بھی میسر ہیں۔ کمپنی ایمانداری اور بھروسے جیسے اصولوں پر یقین رکھتی ہے اور کمپنی کے تمام ملازمین کی نجی زندگی میں عدم مداخلت کو اہمیت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔

## خصوصی افراد

کمپنی کی انتظامیہ کی جانب سے اس بات کو اہمیت دی جاتی ہے کہ دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کو روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کئے جائیں تا کہ ان لوگوں کے معیار زندگی میں بہتری لانے میں مدد مل سکے۔ مزید برآں، کمپنی انتظامیہ کی جانب سے خصوصی افراد کو روزگار فراہم کرنے پر بھی زور دیا جاتا ہے اور اس وقت کمپنی کے ملازمین میں خصوصی افراد شامل ہیں۔ ان خصوصی افراد میں ہکلاہٹ، بہرہ پن، گونگ، (حادثات کے باعث) لنگڑا پن، مصنوعی ٹانگ، امراض چشم اور پولیو سے متاثرہ معذوریوں جیسی معذوریاں شامل ہیں۔

## خواتین کی خودمختاری

کمپنی اپنی پالیسیوں کومزید وسعت دینے کے مراحل میں ہےاوراس بات کو یقینی بنایا جارہا ہے کہ قانوناً ایسی پالیسیوں کے نفاذ کوممکن بنایا جاسکے جن کے ذریعے جنسی تفاوت کوختم کیا جائے اور ہرسطح پرخواتین کے مؤثر کردار کوممکن بنایا جائے اورانھیں برابری کی بنیاد پر مواقع فراہم کئے جائیں اور وہ بھی اپنی صلاحیتوں کی بنیاد پر لیڈرشپ کا کردارادا کرسکیں خواہ سیاسی،معاشی یا معاشرتی میدان ہی کیوں نہ ہو۔

## سرکاری ومعاشی میدانوں میں کمپنی کا حصہ

کمپنی کی جانب سے قومی ترقی میں اپنا بھرپور حصہ ملایا جارہا ہےاوراس ضمن میں کمپنی اپنی آمدن سے ٹیکسوں، ڈیوٹیز اور دیگر لیویز کی مد میں ادائیگیاں کررہی ہے۔

پاکستان اس وقت شدید توانائی بحران سے گزر رہا ہےاوراس مسئلے سے نمٹنے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔اس مسئلے کی وجہ سے تمام شعبوں کولوڈ شیڈنگ اور پاورشٹ ڈاؤن کا سامنا ہے۔خواہ گھریلو صارفین ہوں یا صنعتی صارفین سب ہی اس مسئلے سے دوچار ہیں۔توانائی کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے کمپنی کی جانب سے توانائی کے شعبے میں بھاری سرمایہ کاری کی گئی ہے جس میں مشینری اور آلات کی تنصیب شامل ہے جس سے ہمارے صنعت سازی کے عمل کو بھی توانائی کی فراہمی اندر سے ہی پوری ہوجاتی ہےاور فاضل توانائی حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کو بیچ دی جاتی ہے تاکہ جس حد تک ممکن ہو توانائی کے بحران سے نمٹا جاسکے۔

## کروناوائرس اور لاک ڈاؤن

سی ایس آر کی سرگرمیوں کے تحت صنعتی ایس او پیز منصوبے پرعمل درآمد کرنے کے سلسلے میں ایک باقاعدہ حکمت عملی مرتب کی گئی اور ملز کے قرب وجوار اور سانگھڑ ڈسٹرکٹ کے دیگر علاقوں میں کمپنی کی جانب سے COV ID-19 باعث لگائے جانے والے لاک ڈاؤن کے دوران کمپنی کی جانب سے ضرورت مندوں کی امداد کے لیے نقدرقوم کے علاوہ انھیں اشیاء بھی فراہم کی گئی ہیں تاکہ وہ اپنے روزمرہ کی بنیادی ضروریات کو پورا کرسکے۔ کمپنی کی انتظامیہ کی جانب سے ملازمین کوادائیگیوں کے سلسلے میں ایک جامع پروگرام مرتب کیا گیا اور لاک ڈاؤن کے دوران انہیں بمعہ تنخواہ چھٹیاں دی گیئں اوران چھٹیوں کے بدلے ان کی سالانہ چھٹیوں میں کوئی کمی نہیں کی گئی۔ حکومت کی جانب سے بتائیں گئیں احتیاطی تدابیر کے تحت صرف محدود اور مطلوبہ ملازمین کو ہی کام پر بلایا گیا۔کمپنی کی جانب سے ایک ایسی حکمت عملی مرتب کی گئی جس کے تحت فیکٹری اور ہیڈ آفس میں صرف انتہائی ضروری ملازمین کو کام کے لیے بلوایا گیا اور بقیہ ملازمین گھروں سے کام کرتے رہے۔ تمام دفاتر کو جراثیم سے پاک کرنے کا انتظام کیا گیا اوراس انتظام پرسختی کے ساتھ عمل کیا گیا اوراس کی مکمل نگرانی کی جاتی رہی۔ ہیڈ آفس اور فیکٹری میں تمام ملازمین اور کنٹریکٹروں کو COVID-19 سے متعلق معلومات بہم فراہم کی گئیں۔

## خونی عطیات کا کیمپ

کمپنی کی انتظامیہ کی جانب سے مل کے احاطے میں "تھیلیسیمیا پیشنٹس ویلفئیر سوسائٹی نوابشاہ" کے مریضوں کے لئے خون کے عطیات جمع کرنے کی غرض سے ایک کیمپ لگایا گیا اوراس ایک دن کے قیام کے بعد 110 پنٹس خون بطورعطیہ جمع کروایا گیا۔

## بارشوں سے متاثرہ خاندانوں کی امداد

دوران سال بارشوں کی وجہ سے سانگھڑ اور اس کے قرب وجوار کے دیہات بری طرح متاثر ہوئے۔ کمپنی کی انتظامیہ کی جانب سے اپنے وسائل کو بروئے کار لایا گیا اور خاطر خواہ مقدار میں عطیات جمع کئے گئے تاکہ بارشوں سے متاثرہ خاندانوں کی امداد کی جاسکے اور انہیں ابتدائی طور پر بحالی کی جانب لایا جائے۔ کمپنی کی انتظامیہ کمیونٹی کے ساتھ کھڑی رہی اور غذائی اجناس اور راشن کے تھیلوں کی صورت میں متاثرہ خاندانوں کی بھرپور امداد کی۔ سڑک کے کنارے آباد لوگوں کو مچھروں سے حفاظت کے لیے ایک ہزار سے زائد مچھردانیاں فراہم کی گئیں اور ان لوگوں کے گھروں اور قرب وجوار کے علاقوں میں بارش کے پانی کو نکالنے کے لیے مشینری بھی فراہم کی گئیں۔

## اخراجات

کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کی بابت اخراجات کو مالیاتی دستاویزات میں "دیگر کاروباری اخراجات" کے عنوان کے تحت نوٹس میں ظاہر کیا گیا ہے۔

## کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کے منصوبے

کمپنی کی جانب سے پانی اور نکاسی آب سے متعلق ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے جس میں واٹر ہارویسٹنگ، ڈی سیلینیشن، واٹر ایفیشنسی، ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ، ریسائیکلنگ اینڈ ری یوز ٹیکنالوجیز وغیرہ شامل ہیں۔لہذا شرائط وضوابط اور معاہدہ طے پایا جاچکا ہے، جس کے تحت مل کے اندر ویسٹ واٹر کی بذریعہ ایکٹیویٹڈ سلج پروسس (کیمیکل + بائیلوجی) ٹریٹمنٹ کی جائے گی تاکہ سندھ انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی کے ضوابط کے مطابق عمل کیا جاسکے۔ پروجیکٹ سے متعلق تمام کام زیر تکمیل ہیں اور منصوبے کے مطابق آزمائش ابھی کی جارہی ہے جو کہ اس سیزن 21-2020 میں مکمل ہونے کی اُمید ہے۔

کراچی 02 جنوری 2021

محمد اسلم
چیئرمین
کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کمیٹی